© rasailojaraid.com



# خطبۂ حجۃ الوداع کا پیغام

سرور عالمؐ نے امت کو دیا ہے یہ پیام
جان و مال و آبرو اک دوسرے کی ہے حرام

امتیاز رنگ و خوں کی بات چل سکتی نہیں
فیصلہ یہ ہے اٹل قائم رہو اس پر مدام

کوئی عربی ہو یا عجمی، گورا ہو یا کالا ہو
صرف تقویٰ وجہ عزت ہے نہیں اس میں کلام

کس قدر طرفہ تماشا ہے کہ اکثر اہل دین
کر رہے ہیں دین ہی کے نام پر جینا حرام

فرقہ بندی ہے کہیں پر، اور کہیں ذاتوں کے بت
دھینگا مشتی کے مناظر دیکھتے ہو صبح و شام

ملک میں ہر چار سو ہیں خانہ جنگی کے نشاں
وقت کے تیور ہیں کیسے اور ہم محو خرام

مقتدر افراد کو تو اپنی کرسی ہے عزیز
صاحبان دل کا جینا کیوں یہ کرتے ہیں حرام

"شامت اعمال ما اب صورت نادر گرفت"
کہہ رہا ہے لحہ لحہ ہم سے یہ رب کا کلام

آؤ سچے دل سے عاصم آج پھر توبہ کریں
جاری و ساری کریں یاں پھر سے اسلامی نظام

کاوش فکر: عبدالرحمٰن عاصم۔ میاںچنوں

© rasailojaraid.com